BUMS (Supplementary) 1st Year Examination 2019

Paper No: BUM-103

Kulliyat Umoor-e-Tabiya

Time: 3 hrs

Max. Marks:75

Section A (1 x 10 = 10)

سوال نمبر۱۔ ارکان کتنے ہیں۔

سوال نمبر۲۔ اعضاء مفردہ کتنے ہیں۔

سوال نمبر۳۔ رنگ کے اعتبار سے اخلاط کی کتنی قسمیں ہیں۔

سوال نمبر۴۔ شرائط تغذیہ لکھیں۔

سوال نمبر۵۔ زکریہ رازی کے مطابق کونسی اقلیم سب سے زیادہ معتدل ہے ۔

سوال نمبر۶۔ ابن سینا کے نزدیک روح کا مادہ کیا ہے۔

سوال نمبر ۷۔ باعتبار جنس قوی کی کتنی اقسام ہیں۔

سوال نمبر ۸۔ قوت مصورہ کس قوی کی قسم ہے۔

سوال نمبر۹۔ باعتبار ترکیب افعال کی کتنی قسمیں ہیں۔

سوال نمبر۱۰۔ اعضاء رئیسہ کتنے ہیں۔

Section B (5 x 5 = 25)

سوال نمبر۱۔ نظریہ ارکان اربعہ اور ارکان کثیرہ کے درمیان فرق بتاتے ہوئے اربعیت ارکان کے دلائل تحریر کریں۔

سوال نمبر۲۔ امتزاج سے آپ کیا سمجھتے ہیں بتاتے ہوئے اقسام مع امثلہ تحریر کریں۔

سوال نمبر۳ ۔ بقراط نے خلط کی کیا تعریف کی ہے تحریر کرتے ہوئے۔غلبہ صفراء کی علامات تحریر کریں۔

سوال نمبر۴ ۔ قوت ہاضمہ و قوت غاذیہ کا فرق بتاتے ہوئے قوت غاذیہ کی اقسام و مدارج عمل تحریر کریں۔

سوال نمبر۵ ۔قوی اور افعال کی اہمیت بتاتے ہوئے افعال مفردہ مع امثلہ بیان کریں ۔

Section C (10 x 4 = 40)

سوال نمبر۱ ۔ مزاج معتدل طبی و حقیقی کو سمجھاتے ہوئے مزاج معتدل طبی کی اقسام تفصیل سے تحریر کریں۔

سوال نمبر۲ ۔ اعضاء مرکبہ کی تعریف لکھتے ہوئے اقسام تفصیل سے تحریر کریں۔

سوال نمبر۳۔ روح کے متعلق مختلف اطباء کے نظریات تحریر کریں۔

سوال نمبر۴۔ قوت حیوانیہ و قوت نفسانیہ میں سے کونسی قوت ضروری ہے اور کیوں بتاتے ہوئے قوت محرکہ کو تفصیل سے بیان کریں ۔